حضرات کے لئے بہت مفید ثابت ہوگا جو وقت کی کمی کی وجہ سے تدبر قرآن کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کر سکتے یا اس کے طویل تفسیری نکات کو اخذ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

(۲) تفہیمات قرآن

مصنف : محمد جرجیس کریمی
ناشر : ادارہ خدمت خلق، ڈابھاکیند، دمکا (جھارکھنڈ)
سن اشاعت : ۲۰۰۰ء، صفحات ۱۰۶، قیمت: ۴۰ روپیے

یہ دنیا انسان کے لئے آزمائش گاہ ہے۔ وہ بے شمار مسائل سے گھرا ہوا ہے قدم قدم پر وہ مشکلات، کا سامنا کرتا ہے دوسروں کے مقابلہ میں مومنین اور زیادہ آزمائش سے دوچار ہوتے ہیں۔ ان مسائل و مصائب سے نبرد آزما ہونے کے لئے لوگ مختلف تدابیر اختیار کرتے ہیں اور صحیح رہنمائی نہ ملنے کی وجہ سے بعض لوگ مزید پریشانی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان کے لئے قرآن کریم سے بڑھ کر اور کوئی نسخہ کیمیا نہیں۔ اس کتاب عظیم نے مسائل کی نہ صرف نشاندہی کی ہے بلکہ ان کا شافی و کافی علاج بھی تجویز کیا ہے۔ خاص طور سے اس نے قلب کی بیماریوں یا روحانی امراض کے ازالہ کی جو تدابیر بتائی ہیں وہ انسان کی فکری، روحانی صحت کی ضامن ہیں۔ زیر تعارف کتاب اصلاً انہی حقائق کی ترجمانی و تشریح ہے۔ مولانا محمد جرجیس کریمی (رکن ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ) نے قرآنی آیات کے حوالہ سے بڑی تفصیل سے یہ واضح کیا ہے کہ انسان اگر آزمائش و پریشانی میں گرفتار ہو یا قلبی امراض میں مبتلا ہو تو ان سے نجات کے لئے کیا طریقہ اختیار کرنا چاہئے " آزمائش کے قرآنی تصور " سے اپنی بحث کا آغاز کرتے ہوئے صاحب کتاب نے بڑے سادہ و موثر انداز میں صبر کا قرآنی تصور، جزاو سزا کا قرآنی تصور، فلاح کا قرآنی تصور، قلب اور اسکی روحانی بیماریاں، اصلاح نفس کے ذرائع،